نمبر1064/سٹور مورخہ:08-09-2025

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

# دستاویزات برائے فروخت ردی

ٹینڈر موصول ہونے کی آخری تاریخ:**24-09-2025** بوقت**11:00AM**

## منسلکہ ڈاکومنٹس

- ٹینڈر نوٹس
- تفصیلی شرائط بابت ردی فروخت
- چیک لسٹ
- معاہدہ
- فنانشل پروفارمہ

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر:**1064**/سٹور مورخہ: **08-09-2025**

## ٹینڈر نوٹس برائے فروخت ردی

بورڈ ہذا کو درج ذیل نوعیت کی ردی **"جیسے ہے جہاں ہے"** کی بنیاد پر فروخت کیلئے سیلز ٹیکس / انکم ٹیکس ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ اور مالی طور پر مستحکم اور اچھی شہرت رکھنے والی فرموں سے سربمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔

| سیریل نمبر | تفصیل ردی (آئٹمز وائز) | اندازاً وزن (کلوگرام) | اندازاً تخمینہ فی کلوگرام بغیر ٹیکس (روپے) | اندازاً کل تخمینہ (روپے) | اندازاً تخمینہ کی زرضمانت (CDR)5٪ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی مع اضافی کاپی کپڑے کے تھیلاجات کے اندر | 2,25,000 کلوگرام | --/58روپے فی کلوگرام | 13,050,000/- | 6,52,500/-روپے |
| 2 | سوالیہ پرچہ جات / ایوارڈ پارٹ / رول پارٹ مع لفافہ جات | 6,000 کلوگرام | -/52روپے فی کلوگرام | 312,000/- | 15,600/-روپے |
| 3 | متفرق ردی (لفافہ جات، اخبارات، کاغذات، گتے کے ڈبے، خالی کپڑے کے تھیلے وغیرہ) | 47,700 کلوگرام | -/37 روپے فی کلوگرام | 1,764,900/- | 88,245/-روپے |
| | | | **کل میزان** | **1,51,26,900/-** | **7,56,345/-** |

1. یہ ٹینڈر مورخہ **24-09-2025** بوقت **11:00AM** تک بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال میں بذریعہ EPADs موصول ہو جانے چاہیے یہ ٹینڈر اُسی روز بوقت **11:30AM** پروکیورمنٹ کمیٹی اور ٹینڈر دہندگان / بااختیار نمائندگان جو کہ موجود ہونگے کی موجودگی میں بذریعہ EPADS کھولے جائینگے۔
2. بڈ سیکیورٹی 5٪(Bid Security) بطور کال ڈیپازٹ (CDR) قابل واپسی بمطابق مالیاتی تخمینہ (Estimated Price) شیڈولڈ بنک کی کسی بھی شاخ میں بنام سیکرٹری، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال بنوا کر اسسٹنٹ سیکرٹری سٹور BISE ساہیوال کے دفتر میں بذریعہ ڈاک / کوریئر سروس یا دستی ٹیکنیکل بڈز کی اوپننگ سے قبل موصول ہونا لازمی ہے بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔ زرضمانت چیک کی صورت میں قابل قبول نہ ہو گی۔
3. بورڈ ہذا کو پنجاب پروکیورمنٹ رولز 2014ء کی شق نمبر 35 کے تحت اختیار ہو گا کہ وہ مذکورہ ٹینڈر مسترد کر دیں۔
4. ٹینڈر ایک لفافہ جاتی (Single Stage One Envelop) طریق کار کے مطابق ہو گا۔
5. ردی ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے **ایک یوم قبل** تک دفتری اوقات کار میں دیکھی جاسکتی ہے۔
6. حکومت کی طرف سے عائد کردہ تمام ٹیکسز بذمہ فرم ہونگے۔
7. ٹینڈر دستاویزات تاریخ اشاعت کے دن سے PPRA پنجاب کی ویب سائٹ **www.ppra.punjab.gov.pk** ، EPADS (**https://punjab.eprocure.gov.pk**) اور بورڈ ہذا کی ویب سائٹ **www.bisesahiwal.edu.pk** سے ملاحظہ / ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔

**نوٹ: مزید معلومات دفتری اوقات میں زیر دستخطی / شعبہ سٹور کے ٹیلی فون نمبر 040-4272159 پر رابطہ کر کے حاصل کی جاسکتی ہیں۔**

پروفیسر محمد فیاض سلیمی
سیکرٹری

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر:1064/سٹور مورخہ: 08-09-2025

## شرائط بابت فروخت ردی:

ردی فروختگی کی شرائط درج ذیل ہیں۔

1۔ ردی ٹینڈر کھولنے کی تاریخ سے **ایک یوم قبل** تک دفتری اوقات کار میں دیکھی جاسکتی ہے۔

یہ ٹینڈر مورخہ **24-09-2025** بوقت **11:00AM** تک بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال میں بذریعہ EPADs موصول ہو جانے چاہیے یہ ٹینڈر اُسی روز بوقت **11:30AM** پروکیورمنٹ کمیٹی اور ٹینڈر دہندگان / بااختیار نمائندگان جو کہ موجود ہونگے کی موجودگی میں بذریعہ EPADS کھولے جائینگے۔

2۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کی زرِ ضمانت (CDR) معاہدہ کی تکمیل تک دفتر کے پاس رہے گی اگر فرم / ٹھیکیدار معاہدہ کی تکمیل نہیں کرے گا / گی تو زرِ ضمانت (CDR) ضبط کر لی جائے گی اور فرم / ٹھیکیدار کو ایک ہفتہ کے اندر دیئے گئے نرخوں کا 25٪ بطور ایڈوانس بورڈ کے کھاتہ میں جمع کروانا ہونگے جو کہ آخری وصولی میں Adjust کر لیے جائیں گے۔ ناکامی کی صورت میں زرِ ضمانت (CDR) ضبط کر لی جائے گی۔

3۔ ٹینڈر دہندگان / نمائندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ تمام اقسام کی ردی کو جہاں ہے جیسے ہے کہ بناء پر ایک یوم قبل تک دفتری اوقات کار میں چیک کرے گا۔

4۔ زرِ ضمانت کال ڈیپازٹ / بینکر چیک (CDR) ٹینڈر پراسیس مکمل ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔

5۔ خریدار کو اس امر کا سرٹیفکیٹ بھی دینا ہو گا کہ وہ جوابی کاپیوں کی ردی بازار میں فروخت نہیں کرے گا۔

6۔ مال کی پیکنگ یا وزن کروانے کی مزدوری / بار برداری اور باردانہ وغیرہ بذمہ فرم ہو گا۔

7۔ کامیاب ٹینڈر دہندہ کو ورک آرڈر کے اجراء سے قبل مبلغ -/2000 روپے کے اشٹام پیپر بغرض معاہدہ فراہم کرنا ہونگے جبکہ مروجہ قوانین کے مطابق کل فروخت شدہ ردی کی قیمت پر 0.25٪ کے بقیہ اشٹام پیپر بھی فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔

8۔ ردی 30 ایام کے اندر کل رقم بمعہ ٹیکس جمع کروا کے اُٹھانا ہو گی بصورت دیگر -/2000 روپے فی یوم جرمانہ عائد ہو گا۔

9۔ ناگزیر حالات کی صورت میں تاخیر معافی کے لیے کامیاب دہندہ بروقت درخواست گزار سکے گا جس پر جناب چیئرمین بورڈ ہذا آکشن کمیٹی کی سفارشات کے بعد کلی یا جزوی جرمانہ معافی کا فیصلہ کریں گے۔

10۔ کسی تنازعہ کی صورت میں چیئرمین بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال تصفیہ کے لیے ثالث ہونگے۔ جن کا فیصلہ حتمی اور دونوں پارٹیوں کا قبول ہو گا۔

11۔ کامیاب فرم کے لیے لازم ہے کہ ردی اُٹھانے سے ایک دن پہلے دفتر کو اطلاع دے گا اور دفتری اوقات میں ردی اُٹھانے کا پابند ہو گا اور ردی کے وزن کے مطابق رقم دفتر کے کھاتہ میں جمع کروا کر ڈیپازٹ سلپ فراہم کرنے کا پابند ہو گا۔

12۔ ردی کی لوڈنگ اور تلائی وغیرہ کی مزدوری اور بار برداری بذمہ فرم ہو گی۔ غیر معمولی حالات کی صورت میں سیکرٹری بورڈ ہذا فرم کو کم یا زیادہ مقدار میں ردی فروخت کرنے کے مجاز ہونگے۔ مال تولتے اور اُٹھاتے وقت مندرجہ بالا آئٹمز کا کچھ حصہ یا پوری آئٹم روکی جاسکتی ہے۔

13۔ ردی اُٹھانے کے دوران بورڈ / ادارہ کی املاک کو کسی بھی قسم کے نقصان کی صورت میں تمام تر ذمہ داری فرم کی ہو گی۔

14۔ ٹینڈر میں کامیاب نہ ہونے والی فرم کی کال ڈیپازٹ CDR ٹینڈر میں کامیاب ہونے والی فرم کو ورک / سپلائی آرڈر جاری ہونے کے بعد واپس کی جائے گی۔

15۔ ٹینڈر دہندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ نرخ فی کلو گرام بغیر ٹیکسز دیں۔ رائج الوقت ٹیکس ردی کے نرخ پر علیحدہ سے حساب لگا کر (Calculate) کر کے وصول کیے جائیں گے نیز اس دوران رائج الوقت ٹیکسز (صوبائی / وفاقی) کی شرح میں تبدیلی (کمی / بیشی) مروجہ قوانین کے مطابق کامیاب پیشکش کنندہ کے ذمہ ہو گی۔ تاہم ٹینڈر دہندگان / نمائندگان کے لیے لازم ہے کہ وہ بولی میں دیے گئے نرخوں پر لاگو ٹیکسز سے متعلق خود کو آگاہ کر لیں اور کسی بھی قسم کی کمی بیشی کی صورت میں مروجہ شرحوں کے مطابق ٹیکسز کا اطلاق ہو گا۔

16۔ ردی کی تمام اقسام (جیسی ہے جہاں ہے) کی بنیاد پر اُٹھانا ہو گی۔ دفتر کے اندر ردی کو علیحدہ علیحدہ کرنے کی اجازت نہیں ہو گی۔

17۔ ردی کا وزن کروانے کے لیے تشکیل کردہ کمیٹی کوئی بھی گاڑی یا تمام گاڑیوں کا وزن دو کانٹوں سے کرواسکتی ہے۔ اخراجات بذمہ فرم ہونگے۔ فرق کی صورت میں زیادہ وزن والی رسید قابل قبول ہو گی۔

اسسٹنٹ سیکرٹری (سٹور)

**نوٹ:**

مذکورہ بالا تمام شرائط کا بغور مطالعہ کر لیا ہے اور ان سے مکمل اتفاق ہے لہٰذا اِن کی پابندی کی جائے گی۔

دستخط / مہر

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر:**1064**/سٹور                                                                 مورخہ: **08-09-2025**

i. نام بڈر / لیڈ بڈر: ____________________

ii. سٹیٹس آف فرم / کمپنی: ____________________

iii. انکم ٹیکس نمبر: ____________________

iv. سیلز ٹیکس رجسٹریشن: ____________________

v. شناختی کارڈ نمبر: ____________________

vi. موبائل نمبر: i ____________________ ii ____________________

vii. ای میل: ____________________

viii. ایڈریس: ____________________

CDR نمبر ____________________ مورخہ ____________________ **رقم مبلغ:-/7,56,345** روپے

نام بنک: ____________________

**اصل CDR ٹیکنیکل بڈز کی اوپننگ سے قبل موصول ہونا لازمی ہے بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔**

| نمبر شمار | چیک لسٹ (لازمی) |
|---|---|
| 1 | انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ |
| 2 | جنرل سیلز ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ |
| 3 | پروفیشنل ٹیکس سرٹیفکیٹ 26-2025ء |
| 4 | بنک سٹیٹمنٹ مالی پوزیشن برائے مالی سال 2025-06-30 to 2024-07-01 |
| 5 | شناختی کارڈ کی کاپی (مالک فرم / نامزد نمائندہ فرم) |
| 6 | کسی بھی سرکاری / نیم سرکاری ادارہ سے Blacklist نہ ہونے کا -/100 روپے کا بیان حلفی اشٹام پیپر اُوتھ کمشنر / نوٹری پبلک سے تصدیق شدہ |
| 7 | ٹینڈر دہندہ کے پاس کسی بھی بورڈ / یونیورسٹی کی ردی اُٹھانے کا تجربہ (ورک آرڈر کی کاپی لف کریں) |

**نوٹ:** درج بالا چیک لسٹ کے مطابق ٹینڈر میں شرکت کرنے والی فرم کو سیریل نمبر 1 تا 7 کے مطابق تمام دستاویزات لازمی فراہم کرنا ہوں گے۔

دستخط / مہر

# معاہدہ

یہ معاہدہ مورخہ ــــــــــــــــ کو جناب سیکرٹری، بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال (فریق اول) اور میسرز ــــــــــــــــ (فریق دوئم) کے درمیان طے پایا جبکہ فروخت کنندہ نے سامان / اشیاء جن کی تفصیل درج ذیل ہے فروخت کے لیے ٹینڈر کروایا اور کامیاب ہونے والی فرم نے جو نرخ پیش کیے اس کی تفصیل درج ذیل ہے اور فروخت کنندہ نے قبول کر لیے ہیں۔

| نمبر شمار | تفصیل ردی | اندازاً وزن تقریباً | ریزرو پرائس (فی کلوگرام) بغیر ٹیکس | نرخ فی کلوگرام (بغیر ٹیکس) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی مع اضافی کاپی کپڑے کے تھیلا جات کے اندر | 2,25,000 کلوگرام | --/58روپے فی کلوگرام | |
| 2 | سوالیہ پرچہ جات / ایوارڈ پارٹ / رول پارٹ مع لفافہ جات | 6,000 کلوگرام | -/52روپے فی کلوگرام | |
| 3 | متفرق ردی (لفافہ جات، اخبارات، کاغذات، گتے کے ڈبے، خالی کپڑے کے تھیلے وغیرہ) | 47,700 کلوگرام | -/37 روپے فی کلوگرام | |

اب یہ معاہدہ درج ذیل طور پر طے پایا۔

- اس معاہدہ میں الفاظ اور ان کی وضاحت من وعن اسی طرح ہو گی جس طرح سے ان کا ذکر معاہدہ کی شرائط میں طے کیا گیا ہے۔
- درج ذیل دستاویزات اس معاہدہ کے سلسلہ میں مرتب ہیں اور یہ طے کیا جاتا ہے کہ وہ اس معاہدہ کا حصہ ہیں۔

i. ٹینڈر نوٹس

ii. شرائط بابت فروخت ردی

iii. نرخوں کی منظوری کی چٹھی / ورک آرڈر

iv. دفتر کی جانب سے کی جانے والی خط و کتابت

یہ معاہدہ متعلقین مذکورہ / بااختیار نمائندگان کے درمیان مذکور بالا تاریخ کے مطابق طے پایا۔

(فریق اول)
**سیکرٹری**
بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

(فریق دوئم)
**نمائندہ فرم**

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر:1064/سٹور                                                                                    مورخہ: 08-09-2025

## فنانشل پروفارمہ

| نمبر شمار | تفصیل ردی (آئٹم وائز) | اندازاً وزن تقریباً | ریزروپرائس (فی کلوگرام) بغیر ٹیکس | نرخ فی کلوگرام (بغیر ٹیکس) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جوابی مع اضافی کاپی کپڑے کے تھیلا جات کے اندر | 2,25,000 کلوگرام | --/58روپے فی کلوگرام | |
| 2 | سوالیہ پرچہ جات / ایوارڈ پارٹ / رول پارٹ مع لفافہ جات | 6,000 کلوگرام | -/52روپے فی کلوگرام | |
| 3 | متفرق ردی (لفافہ جات، اخبارات، کاغذات، گتے کے ڈبے، خالی کپڑے کے تھیلے وغیرہ) | 47,700 کلوگرام | -/37 روپے فی کلوگرام | |

**نوٹ:** تمام مروجہ ٹیکسز فرم کو ادا کرنا ہونگے۔ درج بالا خانوں میں صرف خالص ردی کے نرخ پیش کرنا ہونگے جس میں ٹیکسز شامل نہ ہوں۔ تمام اشیاء کا نرخ دینا لازم ہے۔

فرم / کمپنی کا نام:______________________          نام نمائندہ:______________________

ایڈریس:__________________________________________________________

شناختی کارڈ نمبر:______________________          موبائل نمبر:______________________

سیلز ٹیکس رجسٹریشن نمبر:______________________          انکم ٹیکس نمبر:______________________

دستخط / مہر